غمِ حسین زمانہ بھولا نہیں سکتا

غمِ حسین زمانہ بھولا نہیں سکتا
یہ غم وہ غم ہے جو کوئي مِٹا نہیں سکتا

ارے حسین نے ، تیرے لئے یہ جان دے دي
تو کیا تُو غم میں دو آنسون بہا نہیں سکتا

چھدي جو مشك تو ، عبّاس نے کہا رو کر
سکینہ پیاسي ہے پاني پلا نہیں سکتا

ضعیف باپ کے ، کاندھے پہ ہے جوان لاشہ
سِوا حسین کے کوئي یون لا نہیں سکتا

پدر بنا چکا ، چھوٹي سي اِك لحد رن میں
یون خاك میں کوئي تارہ چُھپا نہیں سکتا

شہید ہو گیا ، پیاسا حسین سجدے میں
یون راہِ حق میں کوئي سر کٹا نہیں سکتا

پڑا هے خاك په بهائي كا بے كفن لاشه
يه بارِ غم دلِ زينب اُٹها نهيں سكتا

سكينه هو گئي ، پامال لاش بابا كي
اب اپنے سينے په تم كو سُلا نهيں سكتا

چلا هے شام كو، بيمار قافله لے كر
خدا كے نور كو كوئي بجها نهيں سكتا

برهان دين كي ، هو طول عمر صحت ميں
بن اِس دعاء كے ميں سجده بجا نهيں سكتا

تمام خلق ميں ،كوئي برهان ديں كے سِوا
هميں حسين كا جلوه دِكها نهيں سكتا

تيرا هے 'اسرا ، مولیٰ سدا حسامي كو
تيرے سِوا كوئي بگڑي بَنا نهيں سكتا

*****